علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمینٹری ٹیچر ایجوکیشن

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ: 1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔ 2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پیڈاگاجی۔ ٹیچنگ آف اسلامک سٹڈیز (6497) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایڈ (5۔2/04 سالہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1: اسلامی نظامِ تعلیم کے بنیادی مقاصد کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ یہ مقاصد جدید تعلیمی تقاضوں سے کس حد تک ہم آہنگ ہیں۔ (20)

سوال نمبر 2: معاشرے میں اخلاقی زوال کے اسباب کے تناظر میں اسلامیات کی تدریس کی اہمیت پر بحث کریں۔ اپنی گفتگو میں معلم اور نصاب دونوں کے کردار کو شامل کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: فرض کریں کہ ایک استاد اسلامیات کی کلاس میں طلبہ کی کم دلچسپی کا سامنا کر رہا ہے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے موزوں تدریسی طریقوں اور عملی سرگرمیوں پر مبنی تجاویز پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: اسلامی اقدار جیسا کہ سچائی، دیانت داری اور فلاحِ عامہ کی تدریس کے لیے مؤثر تدریسی حکمتِ عملیوں پر بحث کریں۔ وضاحت کریں کہ یہ اقدار طلبہ کے کردار کی تعمیر میں کس طرح معاون ہیں۔ (20)

سوال نمبر 5: اسلامیات کی تدریس میں سوال و جواب، مباحثے اور گروہی سرگرمیوں کی اہمیت بیان کریں۔ مثالوں کے ذریعے واضح کریں کہ یہ طریقے طلبہ میں تنقیدی سوچ اور فعال شرکت کو کس طرح فروغ دیتے ہیں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1: اسلامیات کی تدریس میں جدید تدریسی وسائل کے استعمال کا تنقیدی جائزہ لیں۔ مزید وضاحت کریں کہ ڈیجیٹل اور سمعی و بصری ذرائع تدریسی عمل کو کس طرح بہتر بنا سکتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر 2: ایک ایسے تعلیمی ادارے کا تصور کریں جہاں طلبہ میں اخلاقی رویّوں کی کمزوری پائی جاتی ہو۔ اس تناظر میں اسلامیات کے استاد کے کردار اور عملی اصلاحی پروگراموں پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: اسلامیات کی تدریس میں تعلیمی سیر، مشاہداتی سرگرمیوں اور عملی تجربات کی اہمیت بیان کریں۔ وضاحت کریں کہ یہ سرگرمیاں طلبہ کے فہم اور کردار سازی پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہیں۔ (20)

سوال نمبر 4: تعلیمی پیمائش کے مختلف اصولوں اور خصوصیات پر بحث کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ اچھی جانچ طلبہ کی صلاحیتوں اور تدریسی عمل کی بہتری میں کیوں ضروری ہے۔ (20)

سوال نمبر 5: اسلامیات کی تدریس میں ہم نصابی سرگرمیوں کے کردار کا تجزیہ کریں۔ مثالوں کی مدد سے واضح کریں کہ یہ سرگرمیاں طلبہ میں قیادت، تعاون اور اخلاقی شعور کو کس طرح فروغ دیتی ہیں۔ (20)